**نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن**
**(HUMAN RESOURCES ADMINISTRATION,HRA)**
**(Urdu)**

**مجوزہ قانون پر عوامی سماعت اور تاثرات پیش کرنے کے موقع کا نوٹس**

**ہم کیا تجویز کر رہے ہیں؟** HRA نے تجویز پیش کی ہے کہ اس کے 1700$ کے اضافہ شدہ تدفین کے الاؤنس کو مستقل کیا جائے۔ اس اصول سازی کے بغیر، 1700$ کے الاؤنس کی میعاد 30 جون، 2021 کو ختم ہو جائے گی اور یہ دوبارہ کوویڈ سے پہلے کی اپنی 900$ کی سطح پر واپس آ جائے گا۔

**سماعت کب اور کہاں ہے؟** نیو یارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن مجوزہ اصولوں پر ایک عوامی سماعت منعقد کرے گی۔ COVID-19 کے سبب، عوامی سماعت فاصلاتی طور پر 10 مئی 2021 کو صبح 10 بجے Zoom کے ذریعے ہوگی۔ سماعت میں شرکت کے خواہشمند افراد شامل ہو سکتے ہیں بذریعہ:

**Zoom (ویڈیو اور آڈیو):**

https://us02web.zoom.us/j/81765612347

یا www.zoom.us پر جائیں، "میٹنگ میں شامل ہوں" پر کلک کریں اور میٹنگ آئی ڈی 817 6561 2347 درج کریں

**فون (صرف آڈیو):**

646-876-9923

میٹنگ ID: 817 6561 2347

**میں مجوزہ اصولوں پر تبصرہ کیسے کروں؟** کوئی بھی شخص مندرجہ ذیل طریقے سے مجوزہ اصول پر تبصرہ کر سکتا ہے:

- **ویب سائٹ۔** آپ تبصرے HRA کے پاس NYC کے اصولوں کی معرفت ویب سائٹ پر http://rules.cityofnewyork.us پر جمع کرا سکتے ہیں۔
- **ای میل۔** آپ اپنے تبصرے NYCRules@hra.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔ براہ کرم موضوع میں "تدفین" شامل کریں۔
- **ڈاک۔** آپ اپنے تاثرات اس پتے پر بذریعہ ڈاک ارسال کر سکتے ہیں:

HRA Rules
c/o Office of Legal Affairs
150 Greenwich Street, 38th Floor
New York, NY 10007

براہِ کرم اس بات کی وضاحت کر دیں کہ آپ تدفین کے دعووں کے اصول پر تبصرہ کر رہے ہیں۔

- **فیکس۔** آپ اپنے تبصرے 917-639-0413 پر فیکس کر سکتے ہیں۔ براہ کرم موضوع میں "تدفین" شامل کریں۔

- **سماعت میں بول کر۔** آپ سماعت میں بولنے کے لیے 26 اپریل کو یا اس سے پہلے 929-221-7220 پر کال کر کے یا NYCRules@hra.nyc.gov پر ای میل کر کے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ مقررین کو اسی ترتیب سے بلایا جائے گا جس ترتیب میں انہوں نے سائن اپ کیا تھا اور وہ تین منٹ تک بول سکیں گے۔

**کیا تبصرے جمع کرانے کی کوئی آخری تاریخ ہے؟** تبصرے جمع کرانے کی آخری تاریخ 10 مئی 2021 نصف شب ہے۔ تبصرے، بشمول وہ جو ڈاک کے ذریعہ بھیجے گئے، HRA کو 10 مئی تک یا اس سے پہلے موصول ہو جانے چاہئیں۔

**سماعت میں شرکت کے لیے اگر مجھے مدد کی ضرورت پڑی تو میں کیا کروں؟** اگر آپ کو سماعت میں شرکت کرنے کے لیے ترجمانی کی خدمت یا مناسب سہولت درکار ہے تو آپ ہمیں ضرور بتائیں۔ آپ NYCRules@HRA.nyc.gov پر ای میل کر کے ہمیں بتا سکتے ہیں۔ آپ 929-221-7220 پر ٹیلیفون کر کے بھی ہمیں بتا سکتے ہیں۔ پیشگی نوٹس کی درخواست کی جاتی ہے تاکہ انتظامات کے لئے خاطر خواہ وقت دستیاب ہو سکے۔ براہ کرم ہمیں 26 اپریل تک بتا دیں۔

**کیا میں مجوزہ اصولوں پر کیے گئے تبصروں کا جائزہ لے سکتا ہوں؟** آپ http://rules.cityofnewyork.us/ پر ویب سائٹ پر جا کر مجوزہ اصولوں پر آن لائن کیے گئے تبصروں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔ سماعت کے بعد جلد ہی، آن لائن جمع کئے گئے تمام تبصروں کی نقول، تمام تحریری تبصروں کی نقول، اور مجوزہ اصول کے متعلق زبانی تبصروں کا خلاصہ HRA کی ویب سائٹ پر عوام کے لیے دستیاب ہوگا۔

**کیا چیز HRA کو یہ اصول بنانے کی اجازت دیتی ہے؟** سٹی کے منشور کے سیکشنز 603 اور 1043 اور نیویارک کے قانون برائے سماجی خدمات (New York Social Services Law) کے سیکشن 141 کے تحت HRA کو یہ مجوزہ اصول مرتب کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

**مجھے HRA کے اصول کہاں سے مل سکتے ہیں؟** HRA کے اصول سٹی آف نیو یارک کے رولز کے ٹائٹل 68 میں ہیں۔

**کیا مجوزہ اصول کو HRA کے انضباطی ایجنڈے میں شامل کیا گیا تھا؟** جب HRA نے اپنا بالکل حالیہ انضباطی ایجنڈا شائع کیا تھا تو اس اصول پر دھیان نہیں دیا گیا تھا۔

**اصول سازی کا عمل کن اصولوں کے تابع ہے؟** HRA کو اصول بنانے یا ان میں تبدیلی کرتے وقت سٹی کے منشور کے سیکشن 1043 کے تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے۔ یہ نوٹس سٹی کے منشور کے سیکشن 1043 کے تقاضوں کے مطابق مرتب کیا گیا ہے۔

**<u>مجوزہ اصول کی بنیاد اور مقصد کی وضاحت</u>**

مئی 2020 میں، نیویارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف سوشل سروسز / ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Department of Social Services / Human Resources Administration, DSS/HRA) نے تدفین کے الاؤنس پروگرام میں عارضی ہنگامی اصول کے ذریعہ ترمیم کی ہے اور دوسری چیزوں کے علاوہ، تجہیز و تکفین کے اخراجات کی رقم میں اضافہ کیا ہے جس کا COVID-19 وباء کے دوران فوت ہونے والے نیو یارک کے کم آمدنی والے باشندوں کے لیے احاطہ کیا جائے گا۔ ہنگامی اصول کی بہت سی شقوں کو ایک حتمی اصول کے ذریعہ مستقل کر دیا گیا ہے جو 31 اگست 2020 کو نافذ ہوا ہے۔

فی الحال، ریاستی قانون صرف 900$ تک کے تدفین کے الاؤنس کی جزوی طور پر ادائیگی کا بندوبست کرتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، ریاست کی طرف سے 900$ یا اس سے کم کے تدفین کے الاؤنس جزوی طور پر معاوضے کے قابل ہیں، لیکن 900$ سے زیادہ مقامی سماجی خدمات کے اضلاع کی طرف سے ادا کی جانے والی کوئی بھی رقم مکمل طور پر مقامی فنڈز سے باہر ہے۔
ہنگامی اصول، جو 120 دنوں تک نافذ العمل رہا، کے تحت تدفین کے دستیاب الاؤنس کو 900$ سے بڑھا کر 1700$ کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد HRA نے اگلے 31 دسمبر 2020 کو یا اس سے پہلے موصول ہونے والی درخواستوں کے لئے اور بعد میں 30 جون 2021 کو یا اس سے پہلے موصول ہونے والی درخواستوں کے لیے، پھر اس کے بعد اصول کے ذریعے دو بار اضافہ شدہ الاؤنس کو بڑھا دیا۔

کم آمدنی والے نیو یارک کے باشندوں کی تجہیز و تکفین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اضافی فنڈز کی فراہمی کی مسلسل ضرورت کے پیش نظر، HRA نے 1700$ کے الاؤنس کو پروگرام کی مستقل خصوصیت بنانے کے لئے اب نیو یارک سٹی کے رولز کے ٹائٹل 68 کے باب 13 میں ترمیم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔

اس اصول کے لیے DSS/HRA کا اختیار نیو یارک کے قانون برائے سماجی خدمات کے سیکشن 141 اور نیو یارک سٹی چارٹر کے سیکشنز 603 اور 1043میں مل سکتے ہیں۔

نئے متن کے <u>نیچے لائن کھینچی گئی ہے</u>۔

حذف کئے گئے متن کے ارد گرد [بریکٹ لگایا گیا ہے]۔

**مجوزہ اصول کا ٹیکسٹ**

رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 کے باب 13 میں ذیل کے مطابق ترمیم کی گئی ہے:

**سیکشن ایک۔ رولز آف سٹی آف نیو یارک کے ٹائٹل 68 کےسیکشن 02-13 میں ترمیم کی گئی ہے جس کو اب یوں پڑھا جائے:**

**تدفین کے الاؤنس میں 0213- [عارضی] اضافہ**

اس کے برعکس اس عنوان کے باب 2 کی کسی بھی شق کے باوجود، [30 جون 2021 کو یا اس سے پہلے جمع کرائی گئی درخواستوں کے لئے،] باب 2 میں بیان کردہ تدفین کے اخراجات کے لئے الاؤنس جو DSS/HRA کے ذریعہ قابل ادائیگی ہے وہ $1,700 ہے۔ اس الاؤنس کو تدفین کے اخراجات کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے، جیسا کہ باب 2 میں بیان کیا گیا ہے، بشمول اس باب کے سیکشن 0113- کے پیراگراف (1) اور (2) کی ذیلی شق (a) میں طے شدہ اخراجات بھی جو جو ایسے سب ڈویژن میں کیپ کے تعین میں نظرانداز کر دی گئی ہیں۔

**NEW YORK CITY LAW DEPARTMENT**
**DIVISION OF LEGAL COUNSEL**
**100 CHURCH STREET**
**NEW YORK, NY 10007**
**212-356-4028**

**تصدیق بموجب**

**چارٹر §1043(d)**

**اصول کا عنوان:** **تدفین کے افزودہ الاؤنس میں توسیع**

**حوالہ نمبر:** 2021 RG 021

**اصول ساز ایجنسی:** Department of Social Services

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ دفتر ہذا نے نیو یارک سٹی کے منشور کے سیکشن 1043(d) کے ذریعے مطلوب محولہ بالا مجوزہ اصول کا جائزہ لے لیا ہے اور یہ کہ محولہ بالا مجوزہ اصول:

(i) اس طرح سے تیار کیا گیا ہے جو قانون کے التزامات کو مجاز بنانے کے مقصد کی تکمیل کرتا ہے؛

(ii) دیگر قابل اطلاق قوانین کے ساتھ متصادم نہیں ہے؛

(iii) قابل عمل اور مناسب حد تک، اپنے بیان کردہ مقصد کو حاصل کرنے کے لیے محتاط انداز میں تیار کیا گیا ہے؛ اور

(iv) قابل عمل اور مناسب حد تک، بنیاد اور مقصد کے بیان پر مشتمل ہے جو اصول کی دو ٹوک وضاحت اور اصول کی جانب سے عائد کردہ تقاضے فراہم کرتا ہے۔

/s/ STEVEN GOULDEN
کارگزار کارپوریشن قونصل (Acting Corporation Counsel)

تاریخ: 29 مارچ 2021

**نیویارک شہر کے ناظم کا دفتر برائے عملی معاملات (NEW YORK CITY MAYOR'S OFFICE OF OPERATIONS)**

**253 BROADWAY, 10th FLOOR**

**NEW YORK, NY 10007**

**212-788-1400**

**تصدیق / تجزیہ**

**منشور کے سیکشن (d)1043 کے مطابق**

**اصول کا عنوان: تدفین کے افزودہ الاؤنس میں توسیع**

**حوالہ نمبر: HRA-29**

**اصول ساز ایجنسی: ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration)**

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ دفتر ہذا نے نیو یارک سٹی کے منشور کے سیکشن (d)1043 کے ذریعے مطلوب محولہ بالا مجوزہ اصول کا تجزیہ کر لیا ہے اور یہ کہ محولہ بالا مجوزہ اصول:

(i) قابل فہم ہے اور مجرد منضبط کمیونٹی یا کمیونٹیز کے لیے سادہ زبان میں لکھا گیا ہے؛

(ii) اصول کے بیان کردہ مقصد کو حاصل کرنے کے مطابق مجرد باقاعدہ کمیونٹی یا کمیونٹیز کے لیے تعمیل کے اخراجات کو کم کرتا ہے؛ اور

(iii) کوئی تدارکی عرصہ فراہم نہیں کرتا ہے کیونکہ اس سے کسی خلاف ورزی کا ارتکاب، خلاف ورزی میں ردوبدل، یا خلاف ورزی کے ساتھ وابستہ جرمانوں میں ردوبدل نہیں ہوتا ہے۔

*s/ Francisco X. Navarro/* — *29 مارچ 2021*

میئرز آفس آف آپریشنز (Mayor's Office of Operations) — تاریخ